امیگرنٹ ڈیفنس پراجکٹ(آئی ڈی پی IDP) کمیونٹی میں امیگریشن اور کسٹمز نفاذ(آئیس ICE) کی گرفتاریوں پر نظر رکھے ہوئے ہے۔

# آئیس(ICE) کے حوالے سے اپنے حقوق جانیے




**آئیس (ICE) کے ذریعے گرفتار ہونے کا خطرہ کس کو ہے؟** **قانون کے مطابق وفاقی حکومت کو مخصوص نقل وطنوں (امیگرنٹس) کو ملک بدر کرنے کی اجازت ہے، بشمول:**

- کوئی بھی ایسا فرد جو نقل وطنی (امیگریشن) کی قانونی حیثیت نہیں رکھتا
- وہ نقل وطن لوگ (مثال کے طور پر قانونی طور پر، مستقل مکین، پناہ گزین اور ویزا کے حامل) مخصوص جرائم میں مجرم قرار دیئے جا چکے ہیں

وفاقی حکومت ICE کو حکم جاری کرتی ہے کہ انہیں کیسے حراست میں لینے کے لیے ہدف بنانا چاہیے. ICE کے افسران فیصلہ کرتے ہیں کہ حقیقتاً یہ کس کو گرفتار کر سکتے ہیں، بشمول ان افراد کے جن کے لیے ان کا دعویٰ ہے:

- جن کو خارج کرنے (ڈیپورٹیشن) کا حتمی حکم دیا جا چکا ہے،
- جن کو خارج کیا جا سکتا ہے اور ان کے جرائم کے مقدمے چل رہے ہیں اور / یا ماضی میں مجرم قرار دیا جا چکا ہے،
- جو غیر قانونی طور ریاستہائے متحدہ (U.S) میں داخل ہوئے تھے اور ان کے پاس نقل وطنی (امیگریشن) کی کوئی حیثیت نہیں ہے یا
- جو «عوامی تحفظ» یا «قومی تحفظ» کے لیے ایک خطرہ ہیں۔

وفاقی انتظامیہ ان ترجیحات کو تبدیل کر سکتی ہے۔ حتی کہ آپ سمجھتے ہیں کہ آپ ICE کی ترجیحات کا حصہ نہیں ہیں، پھر بھی ICE آپ کو گرفتار کر سکتی ہے اگر آپ خارج کیے جانے (ڈیپورٹیشن) کی زد میں ہیں۔

**ان لوگوں کے لیے جو قانونی طور پرامیگریشن حیثیت رکھتے ہیں مگر ماضی میں مجرم قرار دے جا چکے ہوں**

ہوشیار رہیے: اگر آپ مندرجہ ذیل حالات سے دوچار ہیں، توبھی آپکو نشانہ بنایا جا سکتا ہے:

- آپکومجرم یا سزاوار قرار دے کئی سال گزر چکے ہیں؛
- آپ کبھی جیل نہیں گئے؛
- آپکا جرم معمولی ہو یا مس ڈیمینر ہو؛
- آپ کچھ عرصے سے ایل پی آر(LPR) ہیں؛ یا پھر
- آپکی فیملی کے دیگرممبران امریکی شہری ہیں۔

امیگریشن اینڈ کسٹمز نفاذ (آئیسICE ) لوگوں کو جلاوطن کرنے والی وفاقی ایجنسی ہے۔ آئیس(ICE) محکمہ ہوم لینڈ سیکورٹی (ڈی ایچ ایس DHS ) کا حصہ ہے۔

## کیا آئیس(ICE) ایجنٹ ان تمام لوگوں سے رجوع کر رہے ہیں جو ان کے خیال میں جلا وطن کیے جا سکتے ہیں؟

عام طور پر ICE ایجنٹس گرفتاری سے قبل اس فرد کی نشان دہی کرتی ہے جس کو یہ گرفتار کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے بعد یہ اس فرد کو تلاش کرنے کے لیے گھروں، عدالتوں، پناہ گاہوں اور ملازمت کی جگہوں پر جاتے ہیں۔ بعض اوقات یہ اس فرد کو تلاش کرنے کے دیگر طریقوں کے لیے معلومات اکٹھا کرنے کے لیے گھر پر جاتے ہیں، جیسے کہ ان کی ملازمت کی جگہ پر جانا۔ ان کی زیادہ تعداد گرفتار کرنے کے لیے سڑک پر انتظار کرتی ہے۔ -

ایجنٹس کے لیے یہ غیر قانونی ہے کہ کسی فرد کے پاس جائیں اور صرف اس بنیاد پر ان سے دستاویز کا تقاضا کریں کہ یہ دیکھنے میں کیسے نظر آرہے ہیں یا جو زبان یہ بول رہے ہیں اگر ایسا ہوتا ہے، ICE کے ساتھ کسی بھی بات چیت کی طرح، آپ کو خاموش رہنے کا حق ہے۔

## اگر مجھے گرفتاری کا خطرہ ہو، تو میں کیا کرسکتی (سکتا) ہوں؟

- اپنے چاہنے والوں کے ساتھ مل کر ایک پلان بنانے کہ اگر آئیس(ICE) اٹھا کر لے جائےتو کیا کیا جائے!
- امیگریشن سے رابطہ کرنے سے گریز کریں ۔ اس وقت امیگریشن سٹیٹس تبدیل کرنے یا گرین کارڈ حاصل کرنے کے لیے درخواست جمع مت کرائیں۔ امریکہ سے باہر سفر کرنے سے پہلے کسی وکیل سے مشورہ ضرورکیجیے۔
- قانون ساز اداروں سے رابطہ سے گریز کیجیے (پولیس آپکے فنگر پرنٹس امیگریشن کو دے سکتی ہے)!

**اگر آپ یا آپکے چاہنے والوں کوامریکہ سے نکالے جانے کا خطرہ ہے، تو اس صورت حال سے نمٹنے کے لیے کوئی پلان بنا لیجیے!**

یہ جاننا کہ آپ کو کون سے حقوق حاصل ہیں اور ان کو کیسے حاصل کیا جائے پیچیدہ ہے۔ مزید معلومات کے لیے: immdefense.org/kyr

اپنے حقوق جاننا اور ان پر عمل کرنا آسان نہیں۔
تجدید فروری، 2025

## معلومات کی مقامی تنظیم:

Licensed under a Creative Commons Attribution-NonCommercial 4.0 Intl. License. (creativecommons.org/licenses/by-nc/4.0)

## اگر آئیس(ICE) ایجنٹ سڑک پر یا پبلک جگھوں پر مجھ سے رابطہ کرنے کی کوشش کریں تو میں کیا کر سکتی(سکتا) ہوں؟

عام طور پر جب آئیس(ICE) ایجنٹ کسی کو پبلک جگہ سے گرفتار کرتے ہیں تو سب کچھ بہت جلدی ہوتا ہے۔ وہ آپکا نام با آواز بلند پکار کر آپکی نشاندہی کر کے آپ کو گرفتار کر سکتے ہیں۔

- آپ کو چاہیے کہ اپنا نام یا کوئی بھی بات کرنے سے پہلے سوال، انگریزی:"ایم آئی فری ٹو گو؟" (اردو: "کیا میں یہاں سے جا سکتا ہوں؟"
  - اگر وہ کہیں 'ہاں'، تو کہیے: "میں آپکے سوالوں کا جواب نہیں دینا چاہتا۔" یا "میں اس وقت آپ سے بات نہیں کرنا چاہتا۔" یہ کہنے کے بعد چل کر دور چلے جائیے۔
  - اگر وہ کہیں، 'نہیں': تو آپکو خاموش رہنے کا حق حاصل ہے، اسے استعمال کیجیے! یہ کہیے، "میں جواب نا دینے کا حق استعمال کرنا چاہتی (چاہتا) ہوں" اور پھر کہیے، "میں وکیل سے بات کرنا چاہتی (چاہتا) ہوں۔"
- اگر آئیس(ICE) آپکی جیبوں یا دیگر اشیاء کی تلاشی لینا شروع کر دیں، تو کہیے، "میں اس تلاشی کی اجازت نہیں دیتی (دیتا)۔"
- کسی بھی صورت میں جھوٹ نا بولیے اور نہ ہی غلط دستاویزات دکھائیے۔ بھاگنے کی کوشش نہ کیجیے نہ ہی گرفتاری کی مزاحمت کیجیے۔
- اپنے امیگریشن سٹیٹس یا پیدائیش کی جگہ کے بارے میں کسی سوال کا جواب نہ دیجیے۔ یہ معلومات آپکے خلاف استعمال کی جا سکتی ہے۔ کسی بھی قسم کی غیر امریکی دستاویزات انہیں ہرگز نا دیجیے، چاہے یہ پاسپورٹ ہو، کانسلر آئی ڈی، یا معیاد ختم ویزا۔
- اگر آپ عدالت میں پیشی دے رہے ہوں تو گرفتار کیے جانے سے پہلے اپنے وکیل سے بات کرنے کی درخواست کیجیے۔

## اگر آفیسرز میرے گھر آئیں تو کیا مجھے معلوم ہو جائے گا کہ یہ آئیس(ICE) کی طرف سے آئے ہیں؟

نہیں، ہو سکتا ہے کہ آپکو پتہ نہ چلے۔ ہوشیار رہیے: آئیس(ICE) ایجنٹ اکثرجھوٹ بولتے ہیں کہ وہ پولیس کی طرف سے آئے ہیں اور شناخت کی چوری یا کسی جرم کی تفتیش کے سلسلے میں ملنے آئے ہیں۔

## کیا آئیس(ICE) ایجنٹ میرے گھر میں گھس کر مجھے گرفتار کر سکتے ہیں؟

اگر آئیس(ICE) ایجنٹوں کے پاس جج کا دستخط شدہ وارنٹ نہ ہو تو وہ گھر کے کسی بالغ فرد کی اجازت کے بغیر گھر میں داخل نہیں ہو سکتے۔ دروازہ کھٹکھٹانے پر کھول دینے کا مطلب یہ نہیں کہ ان کو اندر آنے کی اجازت دے دی گئی ہے۔



## اگر میرے گھر کے دروازے پر آفیسرز آئیں تو میں کیا کروں؟

- ان سے پوچھیے کے وہ ڈی ایچ ایس (DHS) یا آئیس(ICE) سے تعلق رکھتے ہیں۔
- گبھرائیے مت، پر سکون رہیے۔ نرمی اور شائیستگی سے بات کیجیے۔ جھوٹ مت بولیے۔ یہ کہیے "میں اس وقت آپ سے بات نہیں کرنا چاہتا۔"
- مہذب انداز میں نرمی سے ان سے درخواست کریں کہ وہ جج کا دستخت شدہ وارنٹ دروازے کے نیچے سے آپکو دکھا دیں۔ اگر ان کے پاس وارنٹ نہیں ہو تو انہیں اندرداخل ہونے کی اجازت نہ دیں۔
- اگر وہ کسی اور کی تلاش میں ہو تو ان سے رابطے کی معلومات مانگیے۔ انہیں یہ بتانے کی ضرورت نہیں کہ اس فرد کو کہا تلاش کیا جا سکتا ہے، اور نہ ہی جھوٹ بولنے کی ضرورت ہے۔

## اگر آئیس (ICE) گرفتاری کے لیے میرے گھر میں داخل ہو جائے تو میں کیا کرسکتی ہوں؟

- اگر گھر میں بچے یا دیگر کمزور افرادموجود ہوں تو انہیں بتا دیجیے۔
- اگر ان کے پاس جج کا دستخط شدہ وارنٹ نہ ہو تو انہیں گھر سے باہر جانے کا کہہ دیجیے۔
- اگر وہ آپکی اجازت کے بغیر اندر داخل ہو جائیں، تو یہ کہیے "میں آپکو اپنے گھر میں داخل ہونے کی اجازت نہیں (دیتی) دیتا مہربانی کر کے باہر چلے جائیے۔"
- اگر وہ گھر کے کمروں اور دیگر اشیاء کی تلاشی لینا شروع کر دیں، تو انہیں بتائیے: "میں اس تلاشی کی اجازت نہیں دیتا۔"
- اگر آئیس(ICE) آپکو گرفتار کر رہی ہو، تو انہیں بتا دیجیے اگر آپکو صحت کا کوئی مسئلہ ہے یا بچوں کی دیکھ بھال کے لیے کوئی بندوبست کرنے کی ضرورت ہے۔

## اگر آئیس (ICE) مجھے گرفتار کر رہی ہو تو میرے حقوق کیا ہیں۔

- آپکو خاموش رہنے کا حق حاصل ہے۔ آپکے پاس کسی وکیل سے بات کرنے کا حق حاصل ہے۔
- کسی بھی صورت میں جھوٹ نا بولیے۔ جھوٹ بولنے سے مستقبل میں آپکو نقصان پہنچ سکتا ہے۔
- ان چیزوں کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی کوئی ضرورت نہیں: آپ کہاں پیدا ہوئے تھے، آپکا امیگریشن سٹیٹس کیا ہے، یا آپکا جرائم کا ریکارڈ کیا ہے۔ ان سوالات کا جواب دینے کے بجائے کسی وکیل سے مشورہ کیجیے۔
- اگر ان کے پاس عدالتی وارنٹ نہ ہو تو آپکو انہیں کانسلر دستاویزات یا پاسپورٹ دینے کی ضرورت نہیں۔
- کسی بھی قسم کی دستاویز پر دستخط کرنے کی ضرورت نہیں۔

IMMIGRANT DEFENSE PROJECT

تجدید فروری، 2025

KYR@immdefense.org

مزید معلومات کے لیے: immdefense.org/kyr